ضلع کے 12 سرکاری اسکولوں میں کمپیوٹر لیبز فعال

طلبہ کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنے کی کوشش

ضلعی ایجوکیشن آفیسر (اسکولز) ڈاکٹر نسرین اختر کے مطابق منتخب اسکولوں کے اساتذہ کو 15 روزہ تربیتی کورس کروایا گیا ہے۔ ان کے بقول ’’ہمارا مقصد صرف کمپیوٹر فراہم کرنا نہیں بلکہ بچوں کو ایسی مہارت دینا ہے جو انہیں روزگار کے قابل بنا سکے۔‘‘ انہوں نے کہا کہ ہر لیب کی نگرانی کے لیے ایک استاد کو ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر سید ذوالفقار حسین نقوی نے لیبز کا معائنہ کرنے کے بعد کہا کہ ضلع کونسل آئندہ مالی سال میں مزید 8 اسکولوں میں لیبز قائم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ’’جو بچے آج یہاں سیکھیں گے، وہی کل ہمارے دفاتر اور کاروبار چلائیں گے، اس لیے یہ سرمایہ کاری وقت کی ضرورت ہے۔‘‘

ضلع کونسل کے 12